بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

بروز جمعرات مورخہ 27 فروری 2025ء بوقت سہ پہر 3:00 بجے منعقد ہونے والے بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس کی

ترتیب کارروائی

1) تلاوت قرآن پاک وترجمہ

2) تعزیتی قرارداد

کوئی رکن اسمبلی ذیل تعزیتی قرارداد پیش کریں گے۔

ہرگاہ کہ یہ ایوان سابق رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی جناب طاہر محمود خان جو مورخہ 23 فروری 2025ء بقضائے الٰہی انتقال فرما گئے ہیں پر گہرے رنج وغم اور افسوس کا اظہار کرتا ہے۔

یہ کہ جناب طاہر محمود خان جو 2013 میں حلقہ پی بی 1 کوئٹہ 1 سے رکن بلوچستان اسمبلی منتخب ہوئے تھے۔ یہ ایوان ان کے صوبہ کے لئے گرانقدر خدمات پر انہیں شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتا ہے۔

بلوچستان اسمبلی کا یہ ایوان ان کے خاندان سے نہ صرف دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہے بلکہ دعا کرتا ہے کہ اللہ پاک مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

کوئٹہ
مورخہ 26 فروری 2025ء

طاہر شاہ کاکڑ
سیکرٹری

Scanned with CamScanner